تاریخ

باب نمبرا

مغل سلطنت کا قیام

1- خالی جگہ پُر کریں۔

(۱) بابر کے والد کا نام ______ تھا۔

(۲) ابراہیم لودھی کو ______ نے پانی پت کے مقام پر شکست دی۔

(۳) بابر نے ہندوستان پر ______ برس حکومت کی۔

(۴) ہمایوں کو شیر خان کے ہاتھوں چونسہ اور ______ کی جنگ میں شکست ہوئی۔

(۵) شیر شاہ سوری کے بعد اس کا بیٹا ______ تخت نشین ہوا۔

جوابات: (۱): عمر شیخ مرزا۔ (۲) بابر۔ (۳)۔ چار (۴) قنوج۔ (۵)۔ اسلام شاہ۔

2- صحیح جواب کا انتخاب کریں۔

(۱) بابر نے ______ میں وفات پائی۔

(i):1526ء (ii):1530ء۔ (iii):1555ء

(۲) شیر شاہ سوری کا اصل نام ______ تھا۔

(i) فرید خان (ii): جمیل خان۔ (iii): اسلم خان

(۳) کنواہہ کی لڑائی ______ میں لڑی گئی۔

(i):1527ء (ii):1555ء۔ (iii):1556ء

(۴) ہمایوں نے ______ میں وفات پائی۔

(i):1554ء (ii):1555ء۔ (iii):1556ء

(۵) رانا سانگا ریاست ______ کے حکمران تھے۔

(i) کالنجر (ii): میواڑ۔ (iii): دکن

جوابات: (۱) 1530۔ (۲) فرید خان۔ (۳) 1527۔ (۴) 1556ء۔ (۵) میواڑ

سوال نمبر3۔ مندرجہ ذیل کے مختصر جوابات تحریر کریں:

سوال نمبرا: مغل حکمران بابر کا تعلق کس علاقے سے تھا؟

جواب: مغل حکمران بابر کا تعلق ریاست فرغانہ سے تھا۔

سوال نمبر۲: کس کس نے بابر کو ہندوستان پر حملے کی دعوت دی؟

جواب: دولت خان لودھی نے بابر کو ہندوستان پر حملے کی دعوت دی۔

سوال نمبر۳: ہمایوں سے اقتدار کس نے حاصل کیا اور اس نے کہاں پناہ لی؟

جواب: ہمایوں سے شیر شاہ سوری سے اقتدار چھینا اور ہمایوں کو ایران میں پناہ لینا پڑی۔

سوال نمبر۴: شیر شاہ سوری کی مالی اصلاحات بیان کریں؟

جواب: **شیر شاہ سوری کی مالی اصطلاحات:**

i- شیر شاہ سوری نے اپنی سلطنت کو پرگنوں میں تقسیم کیا۔ ہر پرگنے کے انتظام کے لیے افسران مقرر کیئے۔

ii- سلطنت کی تمام قابل کاشت رقبے کی پیمائش کرائی۔ پیداوار کا چوتھائی حصہ مالیہ مقرر کیا۔

iii- خشک سالی کے دوران کسانوں کو امداد دی جاتی تھی اور مالیہ معاف ہوتا تھا۔

فوجی اصطلاحات:

i- فوج میں جوانوں کو خود بھرتی کرتا تھا اور تنخواہ بھی خود ہی دیتا تھا۔

ii- فوج میں سپاہیوں کا حلیہ درست کرنے اور سرکاری گھوڑوں پر شناختی نشان لگانے کا طریقہ رائج کیا۔

عدل وانصاف:

i- منصف مزاج جج مقرر کیئے اور عوام کی حفاظت کے لیے پولیس کا محکمہ قائم کیا۔

ذرائع رسل ورسائل

شیر شاہ سوری نے سفر اور تجارت کے لیے بڑی بڑی سڑکیں بنوائیں۔ اِن میں سب سے بڑی سڑک بنگال سے پشاور جاتی تھی۔ بعد میں یہ سڑک جی ٹی روڈ کے نام سے مشہور ہوئی۔ سڑکوں پر پھل دار اور سایہ دار درخت لگوائے اور ہر دو کوس کے فاصلے پر ایک سرائے بنوائی گئی، جہاں پر مسافروں کے ٹھہرنے کا انتظام تھا۔

سوال نمبر۵: شیر شاہ سوری نے کن کن علاقوں کو فتح کیا؟

جواب: شیر شاہ سوری ہمایوں کو شکست دے کر آگرہ اور دہلی پر قابض ہوا۔ اس کے بعد مالوہ، سندھ، مارواور میواڑ کے علاقے فتح کیئے۔ 1545ء میں کالنجر فتح کیا۔

سوال نمبر4۔ مندرجہ ذیل کے تفصیلی جواب تحریر کریں:

سوال نمبرا: ظہیرالدین بابر کو کن عوامل کی وجہ سے ہندوستان پر قبضہ

Scanned with CamScanner

کرنے میں کامیابی ملی۔

جواب: ظہیر الدین بابر کی ہندوستان پر قبضے کی وجہ ہندوستان میں مضبوط مرکزی حکومت کا نہ ہونا تھا۔ اس وقت ہندوستان میں کئی ریاستیں تھی، جو ہر وقت آپس میں لڑتی رہتی تھیں۔ اس لیے ہندوستان کی طاقت کمزور ہو گئی تھی۔ نیز میواڑ کے حکمران رانا سانگا نے بھی بابر کو ہندوستان پر حملے کی دعوت دی۔

سوال نمبر۳: شیر شاہ سوری ایک بہترین حکمران تھا۔ وضاحت کریں؟

جواب: شیر شاہ سوری نے اپنی تمام توجہ ملک میں امن و امان بحال کرنے پر دی۔ وہ اپنی رعایا سے مذہبی رواداری کے اصول پر قائم رہا۔ اس کے عہد میں قانون کی خلاف ورزی کرنے والوں کو سزائیں دی جاتی تھیں۔

شیر شاہ سوری نے اپنی سلطنت میں مندرجہ ذیل اصلاحات کر کے اپنی حکومت کو استحکام بخشا جو مستقبل کے لیے نمونہ بنا۔

i۔ ملکی تقسیم:

اپنی سلطنت کو پرگنوں میں تقسیم کیا۔ پرگنوں کے انتظامات کے لیے افسر مقرر کیے۔

ii۔ مالی اصطلاحات:

سلطنت کی تمام قابل کاشت اراضی کی پیائش کراوائی۔ مالیہ مقرر کیا۔ کسانوں کی مدد کی جاتی تھی۔

iii۔ فوجی اصلاحات:

فوج میں خود سپاہی بھرتی کرتا اور خود ہی تنخواہ دیتا تھا۔ توپ خانہ قائم کیا۔ چھاؤنیاں اور قلعے بنوائے۔

iv۔ عدل وانصاف:

سرکاری عہدے مسلمانوں اور غیر مسلمانوں کے لیے یکساں کھلے تھے۔ مقدمات کی سماعت کے لیے عدالتی کمیشن تھا۔

iv۔ ذرائع رسل ورسائل:

سفر اور تجارت میں سہولت کے لیے بڑی بڑی سڑکیں بنوائیں۔ سب سے بڑی سڑک بنگال سے لے کر پشاور تک جاتی تھی۔ ہر دو کوس کے فاصلے پر ایک ایک سرائے بنائی گئی، جہاں مسافروں کے ٹھہرنے کا انتظام تھا۔

vi۔ رفاہ عامہ کے کام:

شیر شاہ سوری کو انتظامی اصلاحات اور رفاہ عامہ کے کاموں کی وجہ سے ہمیشہ یاد رکھا جائے گا۔ اس نے ملک بھر میں مسجدیں، مدرسے، حمام اور حوض بنوائے۔ عالموں اور طالب علموں کے وظیفے مقرر کیے۔ غریبوں اور اپاہجوں کے لیے سرکاری لنگر خانے قائم کروائے۔ پورے ملک میں سڑکوں کا جال بچھایا۔ ہر دو کوس کے فاصلے پر دو چوکیاں بنوائیں جو مسافروں کی حفاظت کرتی تھیں اور وہاں ڈاک پہنچانے کے لیے تازہ دم گھوڑے ہوتے تھے۔ خیراتی مقاصد کے لیے فراخدل اور علم و ادب کا سرپرست تھا۔

سوال نمبر۳: ہمایوں کو کن مشکلات کا سامنا کرنا پڑا اور اس نے کیسے کامیابی حاسل کی؟

جواب: ہمایوں کی مشکلات

i۔ افغان خطرہ۔

بابر نے اگرچہ شمالی ہندوستان پر اپنی گرفت قائم کر لی تھی۔ لیکن وہاں کے حکمرن خاموش نہیں بیٹھے تھے۔ بہادر شاہ ظفر نے گجرات پر قبضہ کر لیا۔

ii۔ شیر شاہ سے شکست۔

ہمایوں کو چونسہ اور قنوج کی لڑائیوں میں شیر شاہ سوری سے شکست کھانا پڑی۔

iii۔ بھائیوں سے خطرہ:

ہمایوں کے بھائی بار بار ہمایوں کے خلاف بغاوت کر دیتے تھے۔ جس کی وجہ سے ہمایوں کی توجہ بٹی رہتی تھی۔

ہمایوں کی کامیابی:

ہمایوں ایک بہادر، عقلمند اور بڑا جنگجو تھا۔ وہ اپنے باپ کے ہمراہ پانی پت اور کنواہیہ کی لڑائیوں میں حصہ لے چکا تھا۔ اس لیے اسے رموز جنگ سے واقفیت تھی۔ ہمایوں نے اپنے بھائیوں کی سرکوبی کی 1555ء میں سرہند کے مقام پر سکندر سوری کو شکست دے کر 15 سالہ جلاوطنی کے بعد دہلی کی سلطنت پر قابض ہو گیا۔

باب نمبر 2

سلطنتِ مغلیہ کا استحکام

1۔ صحیح پر (✓) کا نشان اور غلط پر (X) کا نشان لگائیں۔

(ا) اکبر 1542 میں امرکوٹ کے مقام پر پیدا ہوا تھا۔ غلط / صحیح

(۲) نور جہاں کا اصل نام زیب النساء تھا۔ غلط / صحیح

(۳) نور جہاں نے گلاب کا عطر ایجاد کیا۔ غلط / صحیح

(۴) ممتاز محل کی یاد میں تاج محل بنایا گیا۔ غلط / صحیح

Info Hub HRMS STS SED

Scanned with CamScanner

(۵) اورنگزیب نے ۹۰ سال کی عمر میں وفات پائی۔ غلط/ صحیح

جوابات: (۱) صحیح۔(۲) غلط۔(۳) صحیح۔(۴)۔صحیح۔(۵) درست

2- **صحیح جواب کا انتخاب کریں۔**

(۱) کس مقام پر اکبر کی تخت نشینی عمل میں لائی گئی

(i) آگرہ (ii): کلانور۔ (iii): امرکوٹ

(۲) پانی پت کی دوسری لڑائی میں اکبر نے کس کو شکست دی۔

(i) مان سنگھ (ii): ہیموں۔ (iii): بیرم خان

(۳) نورالدین جہانگیر کب پیدا ہوا؟

(i): 1559ء (ii): 1569ء۔ (iii): 1579ء

(۴) کس بادشاہ نے اپنے محل کے باہر زنجیر عدل لٹکائی تھی۔

(i) اکبر (ii): جہانگیر۔ (iii): شاہجہان

(۵) مغلیہ سلطنت کا سنہری زمانہ کس بادشاہ کے عہد کو کہا جاتا ہے۔

(i) جہانگیر (ii): شاہجہان۔ (iii): اورنگزیب

جوابات: (۱)۔ کلا نور۔ (۲) ہیموں بقال۔(۳) 1569 (۴)۔ جہانگیر۔(۵)۔شاہ جہان۔

3- **کالم ملائیں۔**

کالم الف	کالم ب	کالم ج
بیرم خان	نور جہان	اتالیق
شاہدرہ	1666ء	جہانگیر
مہرالنساء	اورنگ زیب	نور جہان
شاہجہان	جہانگیر	1666ء
1707ء	اتالیق	اورنگ زیب

سوال 4: مختصر جواب لکھیں۔

سوال نمبر:۱۔ دین الٰہی پر نوٹ لکھیں۔

جواب: ہندوستان میں سکھ، مسلمان، عیسائی، ہندو، پارسی اور مسلمان آباد تھے۔ اکبر نے چاہا کہ تمام مذاہب کے لیے ایک ہی دین بنا دیا جائے، تا کہ کوئی کسی کے مذہب کو بُرا بھلا نہ کہے۔ چنانچہ اکبر نے تمام مذاہب کا ملغوبہ ایک نیا مذہب دین الٰہی بنایا۔ جس میں حاکمیت اعلیٰ کا مالک اللہ تعالیٰ کو اور خود کو زمین پر اُس کا نائب مقرر کیا۔ چونکہ دین الٰہی اسلام نہیں تھا۔ لہٰذا حضرت مجدد الف ثانیؒ نے اس مذہب کے خلاف آواز اُٹھائی۔ آپ کی کوششوں سے یہ دین ناکام ہوا۔

سوال نمبر۲: راجپوتوں کے متعلق اکبر کی پالیسی کیا تھی؟

جواب: اکبر نے راجپوتوں کے متعلق مصالحت آمیز پالیسی اختیار کی۔ اس نے اپنی حکمت عملی سے اپنے خطرناک دشمنوں کو دوستوں میں بدل دیا۔ راجپوت لڑکیوں سے شادیاں کر کے ان رشتے کو مزید استوار کر لیا۔

سوال نمبر۳: نور جہاں کون تھیں؟

جواب: نور جہاں کا اصل نام مہرالنساء تھا۔ یہ مرزا غیاث کی بیٹی تھی۔ یہ 1577ء میں ایران سے ہندوستان آتے ہوئے قندھار میں پیدا ہوئی۔ سترہ برس کی عمر میں نور جہاں کی شادی علی قلی سے ہوئی جو تاریخ میں شیر افگن کے نام سے مشہور تھا۔ شیر افگن کی وفات کے بعد مہرالنساء کی شادی جہانگیر سے ہوئی اور مہرالنساء سے نور جہاں بن گئی۔ قدرت نے نور جہاں کو بے پناہ حسن سے نوازا تھا۔ فنون لطیفہ سے بڑا لگاؤ تھا۔ شہنشاہ نور جہاں نے اِسے مملکت کے سیاہ وسفید کا مالک بنایا ہوا تھا۔

سوال نمبر۴: جہانگیر کی زنجیر عدل کیا ہے؟

جواب: جہانگیر بڑا انصاف پسند بادشاہ تھا۔ اس نے اپنے محل کے باہر ایک زنجیر لگوا رکھی تھی، جس کے کھینچنے سے گھنٹی بجتی تھی اور بادشاہ فریادی کی فریاد سُننے کے لیے خود آتا تھا۔ فریادی کی فریاد سُن کر اس کی حق رسی کرتا تھا۔

سوال نمبر۵: مرزا غیاث بیگ کون تھا؟

جواب: مرزا غیاث بیگ نور جہاں کا والد تھا۔ وہ شہنشاہ اکبر کے دور میں ایران سے ہندوستان آئے۔ مرزا غیاث کو دربار اکبر میں ملازمت ملی۔

سوال نمبر۶: شاہ جہان کو عمارت سازی کا بادشاہ کیوں کہا جاتا ہے؟

جواب: شاہ جہان کو عمارت سازی کے شعبے میں بہت دلچسپی تھی۔ اس کا دور فن تعمیر کا عہد زرین سمجھا جاتا ہے کیونکہ اس نے اپنے دور حکومت میں دہلی، آگرہ، کشمیر، لاہور، قندھار، قابل اور دیگر بڑے شہروں میں بے شمار قلعے اور مساجد تعمیر کروائیں۔

سوال نمبر۷: شاہ جہاں کے کتنے بیٹے تھے؟

جواب: شاہ جہاں کے چار بیٹے داراشکوہ، شجاع، اورنگزیب اور مراد تھے۔

سوال نمبر۸: اورنگزیب کی دکنی پالیسی کے کیا نتائج نکلے؟

جواب: بیجاپور اور گولکنڈہ پر اورنگ زیب کا قبضہ سیاسی غلطی ثابت ہوا۔ یہاں کے جنگ زدہ لوگ مغلوں سے دل برداشتہ ہو گئے۔ ان

Scanned with CamScanner

میں انتقامی جذبہ پیدا ہوا اور مرہٹوں نے اپنی فوجی طاقت میں اضافہ کیا۔ اورنگ زیب کی دکن پالیسی ناکام ہوئی۔ مرہٹہ سردار شیواجی نے مغلوں کو بہت نقصان پہنچایا۔

سوال نمبر 5: تفصیل سے جواب دیں۔

سوال نمبر ۱: اکبر کے انتظامی اقدامات اور اصطلاحات پر نوٹ لکھیں۔

جواب: اکبر کے انتظامی اقدامات

i۔ صوبوں کی تشکیل:

اکبر نے نظم و نسق کی خاطر ملک کو پندرہ صوبوں میں تقسیم کیا اور ہر صوبے کا گورنر مقرر کیا۔

ii۔ منصب داری کا نظام:

اکبر نے ہر منصب دار کو ایک مقررہ حد کے اندر تنخواہ پر فوج رکھنے کی اجازت دی۔

iii۔ محکموں کی تقسیم:

اکبر نے کاروبارِ سلطنت کو کئی محکموں میں تقسیم کیا ہوا تھا جو کہ درج ذیل ہیں:

(i): میر بخشی (فوج، تنخواہ، اور حساب کتاب کا دفتر)، (ii)۔ دیوان (افسر مال)۔ (iii) قاضی القضاۃ (عدلیہ)۔ (iv)۔ میر آتش (توپ خانہ)۔ (v) خانِ ساماں (شاہی امور کا نگران محکمہ)۔ (vi)، داروغہ ڈاک (سراغ رسانی اور ڈاک۔ (viii)۔ صوبیدار (صوبے کا حاکم)۔ (viii)۔ مالیہ کا نظام۔ (ix) قابل کاشت اراضی کی پیمائش۔ (ix)۔ ستی اور بچپن کی شادیوں کا خاتمہ۔

سوال نمبر ۲: اکبر کی مذہبی اور راجپوت پالیسی پر جامع نوٹ تحریر کریں۔

جواب: اکبر کی مذہبی پالیسی

اکبر کی ہندو رانیوں اور اُن کے رشتہ داروں کے مذاہب نے اکبر پر بہت بڑا اثر ڈالا۔ وہ علم کی جستجو کے لیے مختلف مذاہب کے عالموں سے آگاہی حاصل کرتا تھا۔ جس کے باعث وہ اس نتیجے پر پہنچا کہ تمام مذاہب میں کسی نہ کسی حد تک سچائی موجود ہے۔ لہٰذا 1582ء میں اکبر نے ابوالفضل اور فیضی کی مدد سے ایک نیا مذہب جاری کیا۔ جس کا نام دینِ الٰہی رکھا۔ اِس دِین میں عیسائیوں، آتش پرستوں، اور ہندوؤں کے عقائد اور رسومات کو شامل کیا۔ دینِ الٰہی کا بنیادی اصول یہ تھا کہ خدا ایک ہے اور روئے زمین پر اکبر اِس کا خلیفہ ہے۔ حضرت مجدد الف ثانیؒ نے اس کے خلاف آواز اُٹھائی۔ آپ کی جدوجہد سے یہ دین ناکام ہوا۔

سوال نمبر ۳: عہد جہانگیر کی ثقافتی ترقی میں نور جہاں کا کیا حصہ تھا؟ وضاحت کریں؟

جواب: نور جہاں کا ثقافتی ترقی میں حصہ:

نور جہاں ادبی ذوق کی مالک تھی اور شاعرہ تھی۔ اس نے ایسے اچھے اشعار کہے کہ آج بھی اِس کی تعریف کی جاتی ہے۔ نور جہاں نے نئے فیشن ایجاد کئے۔ سوتی اور ریشمی لباس کو جدت کے ساتھ پیش کیا۔ عطر گلاب آپ کی ایجاد ہے۔ شاہدرہ میں اپنے شوہر جہانگیر کا مقبرہ بنوایا۔ آگرہ میں اپنے باپ کی یاد میں مقبرہ بنوایا۔ اِس مقبرہ کی خوبصورتی سے نور جہاں کی لطیف مزاجی اور فنون لطیفہ میں گہری دلچسپی ظاہر ہوتی ہے۔

سوال نمبر ۴: عہد شاہجہان کو مغلیہ دور کا سنہری دور کیوں کہا جاتا ہے؟

جواب: شاہ جہاں کے دور کو مغلیہ سلطنت کا سنہری زمانہ کہا جاتا ہے کیونکہ اِس دور میں مغلیہ سلطنت اپنے عروج کو پہنچی۔

(i): نظم و نسق:

بادشاہ اصل اختیارات کا سرچشمہ تھا۔ سلطنت کو بائیس صوبوں میں تقسیم کیا۔ دیانت دار، محنتی اور مستعد افراد اعلیٰ عہدوں پر فائز کئے جاتے تھے۔ سرکاری حساب کی خود پڑتال کرتا تھا۔ محکمہ مال کے افسروں کو سختی سے ہدایت تھی کہ کسانوں سے اچھا سلوک کریں۔ اِس نے جائیداد کی خرید و فروخت پر ٹیکس، مختلف پیشوں اور تجارت پر ٹیکس، ہندوؤں پر ٹیکس، سرکاری فیس اور چندے نافذ کر رکھے تھے۔ نظام انصاف کے لیے اہل اور قابل قاضی مقرر کئے۔ شاہجہاں نے بدھ کا دِن انصاف کے لیے مقرر کیا ہوا تھا۔ اہم صوبائی افسروں میں صوبہ دار، صوبائی دیوان، فوجدار، اور کوتوال وغیرہ شامل تھے۔

(ii): سلطنت کی وسعت:

شاہجہان نے فتوحات کے ذریعے مغلیہ سلطنت کو وسعت دی۔

(iii): ثقافت اور فنِ تعمیر:

شاہجہان کو فنِ تعمیر سے بہت دلچسپی تھی اور اِس نے ممتاز محل کی یاد میں دریائے جمنا کے کنارے ۱۷ سال کی مدت میں تعمیر کیا جو دُنیا کے سات عجائبات میں شمار ہوتا ہے۔ دیگر عمارتوں میں موتی مسجد آگرہ، قلعہ آگرہ، شالا مار باغ لاہور، قلعہ دہلی، جامعہ مسجد دہلی اور نشاط باغ کشمیر

Info HUB HRMS SIS SED

Scanned with CamScanner

مشہور ہیں۔ اِس نے تخت طاؤس بھی تیار کروایا جو سونے ہیروں اور جواہرات سے منقش تھا۔ نادر خان کے حملے کے دوران وہ اسے اپنے ہمراہ لے گیا۔

مندرجہ بالا بیانات کی روشنی میں یہ کہا جا سکتا ہے کہ عہد شاہ جہاں مغلیہ دور کا سنہری زمانہ تھا۔

سوال نمبر۵: اورنگ زیب کی مذہبی حکمت عملی تفصیل سے بیان کریں۔

جواب: اورنگ زیب کی مذہبی حکمتِ عملی:

اورنگ زیب نیک اور پارسا بادشاہ تھا۔ وہ ذاتی خرچ کے لیے خزانے سے ایک پیسہ بھی نہ لیتا تھا۔ اپنے ہاتھ سے ٹوپیاں سی کر اور قرآن پاک لکھ کر گزارا کرتا تھا۔ وہ حافظ قران اور صوم وصلوٰۃ کا پابند تھا۔

اورنگ زیب نے تخت نشین ہوتے ہی اسلامی طرزِ زندگی کو رواج دینے کی کوشش کی۔ مختلف ٹیکسوں اور خیراتوں نے لوگوں کی مشکلات میں اضافہ کر دیا تھا۔ اورنگ زیب نے ۸۰ قسم کے ٹیکس جو کہ ہندوؤں اور مسلمانوں سے اکٹھے کیئے جاتے تھے، معاف کر دیئے۔ اورنگ زیب نے سکوں پر کلمہ طیبہ کندہ کروانا بند کر دیا، کیونکہ اِس سے کلمہ پاک کی بے حرمتی ہوتی تھی۔ کئی غیر اسلامی رسموں پر پابندی لگا دی۔ لوگوں کے اخلاق کی دیکھ بھال کے لیے اس نے محتسب مقرر کیے۔ شراب اور منشیات کا استعمال ممنوع قرار دیا۔ مساجد اور خانقاہوں کی مرمت کروائی۔ مؤذنوں کی تنخواہیں مقرر کیں۔ اورنگ زیب نے ہندوؤں سے رواداری کا سلوک کیا۔ اس کے دربار میں بڑے بڑے عہدے ہندوؤں کے پاس تھے۔ اِن میں جسونت سنگھ اور جے سنگھ مشہور ہیں۔

باب نمبر۳

عہد مغلیہ میں سماجی اور ثقافتی حالات

1۔ **صحیح پر (✓) اور غلط پر (X) کا نشان لگائیں۔**

(۱)۔ ہندوستان میں ذہنی بیداری کا آغاز اصلاحی تحریکوں سے ہوا۔ غلط/ صحیح

(۲)۔ حضرت مجدد الف ثانی کا اصل نام شیخ احمد سرہندی تھا۔ غلط/ صحیح

(۳)۔ بھگتی تحریک نے ہندوؤں کی سوچ میں وسعت پیدا کی۔ غلط/ صحیح

(۴)۔ گرونانک سکھ تحریک کے بانی تھے۔ غلط/ صحیح

(۵)۔ سکھوں کی اکثریت مغربی پنجاب میں ہے۔ غلط/ صحیح

جوابات: (۱)۔ صحیح۔ (۲)۔ صحیح۔ (۳)۔ صحیح۔ (۴)۔ صحیح۔ (۵)۔ صحیح۔

2۔ خالی جگہوں کو پُر کریں۔

(۱)۔ اورنگ زیب نے ______ کو 1675ء میں سزائے موت دی۔

(۲)۔ اورنگ زیب کی بیٹی ______ ایک اچھی شاعرہ تھی۔

(۳)۔ جہانگیر کا مقبرہ نور جہاں نے ______ کے قریب دریائے راوی کے کنارے بنوایا۔

(۴)۔ میاں تان سین اکبر کا عالمی شہرت یافتہ ______ تھا۔

(۵)۔ مرزا عبدالقادر بیدل مغل بادشاہ ______ کے دور کا عظیم شاعر تھا۔

جوابات: (۲)۔ زیب النساء۔ (۳)۔ لاہور۔ (۴)۔ موسیقار (گویا)۔ (۵)۔ اورنگ زیب عالمگیر۔

4۔ **کالم الف کو کالم ب سے ملائیں۔**

کالم الف	کالم ب	کالم ج
شیخ احمد سرہندی	دین الٰہی	مجدد الف ثانی
احمد شاہ ابدالی	گرونانک	افغانستان
ننکانہ	منتخب التواریخ	گرونانک
بدایوانی	افغانستان	منتخب التواریخ
اکبر	مجدد الف ثانی	دین الٰہی
جگن ناتھ	موسیقار	موسیقار

سوال نمبر۳: مختصر جواب دیں۔

سوال نمبر۱: گورونانک کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: گورونانک لاہور کے قریب تالونڈی (ننکانہ) میں 1458ء کو پیدا ہوئے۔

سوال نمبر۲: سکھ مت کی تعلیمات مختصراً بیان کریں۔

جواب: i۔ خدائے واحد ایک ہی ہے۔

ii۔ طبقاتی نظام غلط ہے۔

iii۔ گورونانک نے غیر ضروری رسومات کا خاتمہ کیا۔

iv۔ آپ نے اچھائی کی تلقین کی۔

سوال نمبر۳: عہد ہمایوں کے دو مصوروں کے نام لکھیے۔

جواب: پیر سید علی اور خواجہ عبدالصمد۔

سوال نمبر۴: تان سین کون تھا۔

Info Hub HRMS SIS SED

Scanned with CamScanner

جواب: تان سین اکبر کے زمانے کا سب سے بڑا موسیقار اور گویا تھا۔

سوال نمبر ۵: مغل حکمرانوں نے فنِ موسیقی کی کس طرح حوصلہ افزائی فرمائی؟

جواب: مغل بادشاہ سوائے عالمگیر کے سبھی موسیقی کے شوقین تھے۔ بابر کے زمانے میں موسیقی کو قابلِ فخر فن سمجھا جاتا تھا۔ بابر کے بعد ہمایوں نے بھی گلوکاروں کی بڑی حوصلہ افزائی کی۔ اکبر نے ہندو، ایرانی اور کشمیری موسیقاروں کی ایک بڑی تعداد اپنے دربار میں جمع کر رکھی تھی۔ جگن ناتھ، شاہجہان کا بہت بڑا موسیقار تھا۔ بادشاہ اکثر انعامات سے نوازتا تھا۔

سوال نمبر ۶: عہدِ مغلیہ میں تاریخ نویسی پر نوٹ لکھیں۔

جواب: مغلیہ دور میں تاریخ نویسی کو سرکاری سرپرستی حاصل تھی۔ مغل دور میں بادشاہوں نے دربار میں تاریخ نویس رکھے ہوئے تھے۔ بابر نے تزکِ بابری کے نام سے ایک بڑی تاریخ لکھی۔ اکبر کے زمانے میں ابوالفضل نے مشہور آئینِ اکبری اور اکبر نامہ تحریر کیں۔ بدایوں نے منتخب التواریخ لکھی۔ جہانگیر نے ''تزکِ جہانگیری'' کے نام سے تاریخ لکھی۔ شاہ جہان کے دور میں عنایت خان کا ''شاہ جہاں نامہ'' عبدالحمید لاہوری کا ''بادشاہ نامہ'' بہت شہرت رکھتے ہیں۔ مرزا احمد عالمگیر کا ''عالمگیر نامہ'' اور خود بادشاہ کا ''فتاویٰ عالمگیری'' قانون کی ایک بڑی کتاب ہے۔

سوال نمبر ۷: مغل دور میں پڑھائے جانے والے مضامین کے نام لکھیں۔

جواب: مغل دور میں مندرجہ ذیل مضامین پڑھائے جاتے تھے۔
فلکیات، ریاضی، جغرافیہ، دینیات، ہندوستانی فلسفہ، اخلاقیات، گھریلو سائنس، زراعت، مطالعہ، حکومت، طبی سائنس، سنسکرت ادب۔

سوال نمبر5: تفصیلی جواب لکھیں۔

سوال نمبر۱: مغلوں کی مذہبی رواداری پر نوٹ لکھیں۔

ہندوستان میں شروع سے ہی مختلف مذاہب کے لوگ آباد تھے۔ ہندوستان کے بادشاہوں کو مصلحتاً ہر مذہب کے لوگوں سے مذہبی رواداری رکھنا پڑی۔

i- بابر نے سماجی مصلحتوں کی بنا پر ملک شاہ منصور یوسف زئی کی بیٹی سے شادی کی۔

ii- اکبر نے ہندوؤں اور مسلمانوں کے درمیان مذہبی اختلافات ختم کرنے میں مصروف رہا۔ اس نے راجپوتوں سے بیاہ شادی کر کے انہیں اپنا وفادار بنایا۔ یاترا ٹیکس اور جزیہ منسوخ کیا۔ مختلف فرقوں کے درمیان ہم آہنگی پیدا کرنے کے لیے دینِ الٰہی بنایا۔ ہندو عورتوں سے شادیاں کیں۔

iii- جہانگیر نے مذہبی رواداری کو بامِ عروج تک پہنچایا اور ہر ایک کو بلا امتیاز حقوق دیئے۔

iv- شاہ جہان نے اقتدار سنبھالتے ہی غیر شرعی عقائد کو ختم کیا مگر ہندوؤں سے رواداری کا سلوک جاری رکھا، ہر ایک کو ان کے مذہب کے مطابق عبادت کرنے کا حق دیا۔

v- اورنگ زیب عقیدے کے لحاظ سے کٹر سنی تھا۔ مگر اس نے بھی مذہبی رواداری کو جاری رکھا۔

سوال نمبر۲: بھگتی اور سکھ تحریکوں کے نمایاں خدوخال بیان کریں۔

جواب: **بھگتی تحریک:**

ہندو مفکروں نے ہندو مذہب کی اشاعت کے لیے بھگتی تحریک شروع کی۔ اُنہوں نے ہندومت میں اصلاحات کا عمل شروع کیا۔ ان لوگوں کے خیال میں اسلام اور ہندومت میں کوئی خاص فرق نہیں تھا۔ اس تحریک نے ہندوؤں کی سوچ کو بدلا۔

سکھ تحریک:

سکھ مذہب کے بانی گرونانک تھے۔ آپ تیس سال تک برصغیر اور دُنیا کے کئی علاقوں میں سکھ مت کی اشاعت کرتے رہے۔ اس تحریک کے نمایاں خدوخال درج ذیل ہیں:

i- آپ نے خدائے واحد کی عبادت کی تلقین کی۔

ii- طبقاتی نظام کو سخت ناپسند کیا۔

iii- غیر ضروری رسومات کا خاتمہ کیا۔

iv- آپ نے اچھائی کی تلقین کی۔

سوال نمبر۳: عہدِ مغلیہ میں معاشرتی اور ثقافتی ترقی پر نوٹ لکھیں۔

جواب: **معاشرتی ترقی:**

ہندوستان کا معاشرتی ڈھانچہ مغلوں کے زیرِ حکومت جاگیردارانہ نظام پر قائم تھا۔ امراء حکومتی عہدوں پر فائز ہوتے تھے۔ جن کو بڑی مراعات حاصل تھیں۔ دیگر لوگ متوسط زندگی گزارتے تھے۔ اِن کی زندگی بڑی سادہ اور خوشحال تھی۔ عید اور محرم کے تہوار دھوم دھام سے

Info hub HRMS SIS SED
Scanned with CamScanner

منائے جاتے تھے۔ مغلوں نے اسلامی روایات کو قائم رکھتے ہوئے رعایا کے مذہبی معاملات میں کبھی دخل نہ دیا۔

ثقافتی ترقی:

مغل حکمرانوں نے ادبی سرگرمیوں کی سرکاری سطح پر حوصلہ افزائی کی۔ فارسی اور ہندی ادب کو فروغ حاصل ہوا۔ اکبر کے دور میں اہم زبان شعراء میں راجہ مان سنگھ، بیربل، عبدالرحمن خان ابن خان اور راجہ بھگوان داس شامل تھے۔ خوشحال خان خٹک اور رحمان بابا کی پشتو شاعری مغلیہ دور کی پیداوار ہے۔ مغل بادشاہوں نے نہ صرف فارسی کی سرپرستی کی بلکہ ہندی، بنگالی اور دیگر زبانوں کا بھی خیال رکھا گیا۔

مغلیہ دور میں بادشاہوں کی خصوصی دلچسپی کی وجہ سے مصوری اور موسیقی کو ترقی حاصل ہوئی۔ بابر مصوری اور شاعری کا شوقین تھا۔ ہمایوں نے ایران میں جلا وطنی کے دوران مصوری میں خصوصی دلچسپی لی۔ ہندوستان میں واپس آتے وقت اپنے ہمراہ مصور میر اسماعیل اور خواجہ عبد الصمد کو لائے۔ اکبر خود بھی موسیقار تھا۔ اس نے بیرون ملک سے مصوروں کو بلوایا۔ تان سین اکبر کے عہد کا عالمی شہرت یافتہ موسیقار تھا۔

سوال نمبر۴: مغل نظام تعلیم کے اہم خدوخال بیان کریں۔

جواب: **مغل نظام تعلیم:**

مغل حکمرانوں نے تعلیمی ادارے قائم کیے۔ دہلی کے ایک مدرسے میں فلکیات، ریاضی، جغرافیہ، اور دینیات کی تعلیم دی جاتی تھی۔ اکبر نے کورس میں نئے مضامین "ہندوستانی فلسفہ"، "اخلاقیات"، گھریلو سائنس زراعت، مطالعہ حکومت، طبی سائنس سنسکرت ادب وغیرہ شامل کیے۔ استاد کے لیے بھی پڑھائی کے اصول متعین کیے۔ سنسکرت کتب کا فارسی میں ترجمہ کیا گیا۔ عربی زبان کے مذہب تصوف اور اصول فقہ کا ترجمہ کیا گیا۔ آپ نے فتح پوری سیکری، آگرہ اور دوسرے شہروں میں کالج قائم کیے۔ جہانگیر اور شاہجہان نے بھی مدرسے قائم کیے۔

مغلیہ دور میں تعلیمی ادارے دو قسم کے تھے۔ ابتدائی تعلیم اور ثانوی تعلیم۔ اس کے علاوہ اعلیٰ تعلیم کے مدارس بھی قائم تھے۔ مسلمان بچے کے لیے مکتب کی تعلیم لازمی تھی۔

سوال نمبر۵: عہد مغلیہ کے مرکزی اور صوبائی نظام حکومت پر نوٹ لکھیں۔

جواب: **مرکزی نظامِ حکومت:**

مرکزی نظام حکومت میں اختیارات کا اصل مالک مغل بادشاہ ہوا کرتا تھا۔ بادشاہ کی مدد کے لیے وزراء مقرر تھے۔ وکیل بادشاہ نائب ہوتا تھا۔ وہ بادشاہ اور تمام سرکار کے درمیان رابطے کا ذریعہ تھا۔ وکیل کے اختیارات کا انحصار بادشاہ کے اختیار اور عمر وغیرہ پر تھا۔ اگر بادشاہ کم سن ہوتا تو وکیل کے اختیارات لامحدود ہوتے تھے، وکیل کی مدد کے لیے اور وزراء ہوتے تھے۔ جن میں دیوان کے میر بخشی، میر سخن اور صدر وصدود تھے۔

صوبائی نظام:

مملکت کو کئی حصوں میں تقسیم کیا جاتا تھا۔ جس کا سربراہ گورنر ہوتا تھا۔ اکبر کے زمانے میں صوبوں کی تعداد پندرہ تھی۔ اکبر کے زمانے میں صوبے کے سربراہ کو سالار اد۔ بعد میں گورنر یا نظام کہا گیا۔ اس کا تقرر اور برطرفی بادشاہ کے اختیار میں تھی۔ گورنر کی مدد کے لیے وزرا مقرر کیے جاتے تھے۔ ہر صوبے کو سرکار میں تقسیم کیا جاتا تھا۔ ہر سرکار میں کئی پرگنے ہوا کرتے تھے۔ پرگنے کا سربراہ شقدار یا امیر کہلاتا تھا۔

باب نمبر۴

سلطنتِ مغلیہ کا زوال

1۔ صحیح جواب کا انتخاب کریں۔

(i) اورنگ زیب کی وفات کے بعد ______ 1707 میں برسرِاقتدار آئے۔

(i)۔ اکبر ثانی (ii)۔ بہادر شاہ (iii) جہاندار شاہ

(۲) جہاندار شاہ نے ______ کے لیے جارحانہ پالیسی اختیار کی۔

(i) مرہٹوں (ii) جاٹوں (iii) سکھوں

(۳)۔ سید برادران نے شہزادہ ______ کو محمد شاہ کے لقب سے تخت نشین کرایا۔

(i) نصیرالدین (ii) سلیم (iii) رفیع الدولہ

(۴)۔ محمد شاہ کے دور کا اہم واقعہ ______ کا ہندوسان پر قبضہ تھا۔

(i) احمد شاہ (ii) نادر شاہ (iii) عالمگیر

(۵) ______ میں پرتگال میں واسکوڈے گام نے ہندوستان کا راستہ دریافت کیا۔

(i) 1496ء (ii) 1498ء (iii) 1599ء

جوابات: (۱)۔ بہادر شاہ ظفر۔ (۲)۔ سکھوں۔ (۳)۔ نصیر الدین۔ (۴)۔ نادر شاہ۔ (۵)۔ 1498ء

Info Hub HRIS SIS SED

Scanned with CamScanner

2۔کالم ملائیں

کالم الف	کالم ب	کالم ج
رفیع الدرجات	بہادر شاہ اول	1719ء
1757ء	واسکوڈے گاما	جنگ پلاسی
پرتگال	جنگ پلاسی	واسکوڈے گاما
1739ء	1719ء	نادر شاہ
قطب الدین محمد معظم	نادر شاہ	بہادر شاہ اول

سوال نمبر3: مختصر جواب دیں۔

سوال نمبر۱: واسکوڈے گاما کون تھا۔

جواب: واسکوڈی گاما ایک پرتگالی جہاز ران تھا۔جس نے ہندوستان کا سمندری راستہ تلاش کیا۔

سوال نمبر۲: ڈچ قوم ہندوستان کیسے آئے؟

جواب: ڈچ ہالینڈ کے باشندے تھے اُنہوں نے پرتگیزوں کو ہندوستان کے سمندروں سے نکال کر وہاں کی تجارت پر قبضہ کرلیا۔اُنہوں نے یورپ کی دوسری قوموں کو ملایا اور پرتگیزیوں کو سری لنگا سے نکال دیا۔ بعد میں اُنہوں نے اپنے تجارتی مراکز انگریزوں کو بیچ دیئے۔

سوال نمبر۳: رفیع الددولہ اور رفیع الدرجات کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں!

جواب: رفیع الدرجات مغل اولاد سے تھا۔سید برداران نے 1719ء میں اسے تخت نشین کیا۔ وہ تب دق کا مریض تھا۔ چند ماہ بعد 1719ء میں اسے تخت سے معزول کردیا گیا۔

رفیع الدولہ: یہ رفیع الدرجات کا بھائی تھا۔ یہ بھی تب دق کا مریض تھا۔ اسے جون 1719ء میں تخت نشین کیا گیا۔لیکن ستمبر 1719ء کو فوت ہوگیا۔

سوال نمبر۴: برصغیر میں کون کون سی یورپی اقوام آئی تھیں؟

جواب: برصغیر میں ڈچ، انگریز، پرتگالی اور فرانسیسی آئے تھے۔

سوال نمبر۵: جنگ پلاسی کن کن کے درمیان اور کب ہوئی؟

جواب: جنگ پلاسی 1757ء میں انگریزوں اور بنگال کے حکمرانوں نواب سراج الدولہ کے درمیان ہوئی تھی۔

سوال نمبر۶: اودھ کا دارالخلافہ کون سا شہر تھا؟

جواب: اودھ کا دارالخلافہ لکھنو تھا۔

سوال نمبر4: مفصل جوابات دیں۔

سوال نمبر۱: کمزور مغل حکمرانوں پر نوٹ لکھیں۔

جواب: کمزور مغل حکمران:

اورنگ زیب عالمگیر کی وفات کے بعد تمام مغل جانشین بادشاہ سیاسی طور پر کمزور تھے۔اُن کا سلطنت پر کنٹرول برائے نام رہ گیا تھا۔ مملکت کے امور عملاً وزرا کے ہاتھ میں تھے۔ ماتحت وزرا اور ملازمین ذاتی مفادات میں مصروف تھے۔صوبہ دار خود مختار بادشاہ بن بیٹھے۔تخت کے لیے بھائی ایک دوسرے کا خون بہار ہے تھے۔

i۔ بہادر شاہ اول 1707ء میں سلطنت مغلیہ کے حکمران بنے۔ اُنہوں نے مرہٹوں اور راجپوتوں کے ساتھ مصلحانہ رویہ اختیار کیا اس کے دور میں اکثر سکھ بغاوت کرتے رہے۔ 1712ء وفات پائی۔

ii۔ جہاندار شاہ: 1712ء کو تخت نشین ہوا۔ امور سلطنت میں کوئی دلچسپی نہ لیتا تھا۔ تمام اختیارات اس کے وزیر ذوالفقار کے ہاتھ تھے۔

iii۔ فرخ سیر 1713ء میں تخت نشین ہوا۔اس میں قوت فیصلہ نہ تھی اور عیش وعشرت کا دلدادہ تھا۔ اس نے حصول اقتدار کے لیے سید برادران سے مدد لی 1719ء کو سید برادران نے اسے قید میں ڈال دیا۔

iv۔ رفیع الدرجات: فرخ سیر کو ہلاک کرنے کے بعد سید برادران نے 1719ء میں رفیع الدرجات کو تخت نشین کیا۔ وہ تب دق کا مریض تھا۔ 1719ء میں ہی سید برادران نے اسے تخت سے معزول کردیا۔

v۔ رفیع الدولہ: رفیع الدولہ بھی تپ دق کا مریض تھا۔ یہ جون 1719ء سے ستمبر 1719ء تک حکمران رہا اور 1719ء میں ہی فوت ہوگیا۔

vi۔ محمد شاہ۔ رفیع الدولہ کے ہلاک ہونے کے بعد سید برادران نے شہزادہ نصیر الدین کو تخت نشین کیا۔ اس نے 1722ء میں سید برادران سے نجات پائی اور حکومت کو کچھ سنبھالا دیا۔ 1748ء میں اسے معزول کردیا گیا۔

vii۔ احمد شاہ: احمد شاہ 1748ء میں تخت نشین ہوا 1754ء میں احمد شاہ ابدالی کو شکست دی اور پنجاب پر قبضہ کرلیا۔ 1754ء میں

Info Hub HRMS SIS SED

Scanned with CamScanner

اسے معزول کردیا گیا۔

viii- عالمگیر ثانی۔ عالمگیر ثانی ایک کمزور حکمران تھا۔ 1759ء میں اسے اس کے وزیر عمادالملک نے اسے ہلاک کردیا

ix- عالمگیر کی وفات کے بعد اس کے بیٹوں میں تخت نشینی کے لیے جنگ ہوئی۔ ان میں سے شہزادہ معظم بہادر شاہ اول، شاہ عالم کے لقب سے تخت نشین ہوا۔ بہادر شاہ کو اقتدار سنبھالتے ہی مخالفین کا سامنا کرنا پڑا۔ بہادر شاہ نے راجپوتوں کے ساتھ اُمن سے رہنے کی حکمت عملی اپنائی۔ بادشاہ سکھوں کی سرکوبی کے لیے نکلا۔ سکھ پہاڑوں کی طرف بھاگ گئے۔

نادر شاہ کا حملہ: محمد شاہ کے دور میں ایران کا حکمران نادر شاہ تھا۔
x- اُس نے ہندوستان پر چڑھائی کی۔ مغل حکمران اور سرداروں نے اِسے کوئی اہمیت نہ دی وہ بڑھتا ہوا دہلی کی طرف بڑھا۔ دہلی کے باہر مغل فوج نے اس کا مقابلہ کیا اور شکست کھائی۔ اس طرح مغل حکمران زوال پذیر ہوئے۔

سوال نمبر۲: مرہٹوں، راجپوتوں اور سکھوں سے متعلق بادشاہ کی پالیسی بیان کریں۔

جواب: بہادر شاہ نے مرہٹوں اور راجپوتوں کی طرف مصالحتی پالیسی اختیار کی۔ اس نے دکن میں لڑاؤ اور حکومت کرو کی حکمت عملی اپنائی۔ اس نے دن میں شاہو جی کو آزاد کیا۔ انہیں زمین کے مالیے کا چوتھا حصہ بھی دیا۔ مرہٹوں کی خانہ جنگی مغلوں کے لیے مفید ثابت ہوئی۔ راجپوتوں کے ساتھ امن سے رہنے کا معاہدہ کیا۔

سکھوں نے مغلوں سے انتقام لینے کا فیصلہ کیا تھا۔ سکھوں نے دریائے جمنا اور دریائے ستلج کے درمیانی علاقے میں موجود سرہند کے قصبے پر قبضہ کیا اور وہاں مغلوں کی عمل داری کو چیلنج کیا۔ ان کے خلاف پہلے تو بادشاہ نے فوج بھیجی مگر کامیابی نہ ہوئی پھر فوراً آگے بڑھا۔ شدید جنگ کے بعد سکھوں کو شکست ہوئی۔

سوال نمبر۳ مغل دور کے مرکزی حکومت کی کماوری اور اہم خود مختار ریاستوں کے قیام پر روشنی ڈالیں

جواب:

مغل دور کے مرکزی حکومت کی کمزوری: محمد شاہ کے دور میں مغلیہ سلطنت میں دراڑیں پڑنا شروع ہوئیں۔ مرکزی حکومت اتنی کمزور ہوئی کہ بعض گورنروں نے خود مختاری کا اعلان کردیا۔

خود مختار ریاستیں:

خود مختار ریاستوں میں حیدر آباد، بنگال اور اودھ کو خاص اہمیت حاصل ہے۔

بنگال: علی وردی خان کی قیادت میں بنگال خود مختار تھا۔ انگریزوں نے آہستہ آہستہ بنگال میں اپنا اثرورسوخ بڑھایا اور بنگال کے سیاسی وانتظامی امور میں مداخلت شروع کردی۔

علی وردی خاں کی وفات کے بعد سراج الدولہ نواب بنا۔ انگریزوں نے سراج الدولہ کے بھتیجے میر جعفر خاں کو اپنا آلہ کار بنایا اور پلاسی کے میدان میں نواب سراج الدولہ کو شکست ہوئی۔ میر جعفر بنگال کا گورنر مقرر رہوا۔ میر جعفر کی وفات کے بعد انگریز بنگال پر قابض ہوگئے۔

حیدر آباد دکن:

حیدر آباد دکن جنوبی سندھ کا ایک صوبہ تھا۔ نظام الملک آصف جاہ دکن کا خود مختار حاکم تھا۔ انگریزوں نے بعض غداروں کی مدد سے چھاؤنی کو گھیر کر اپنا تسلط قائم کرلیا۔

اودھ: اودھ مغلیہ سلطنت کا سرسبز وشاداب صوبہ تھا۔ محمد شاہ کے دور میں اودھ کے گورنر نواب سعادت علی نے اپنی خود مختاری کا اعلان کیا۔ کمپنی نے اودھ کے حکمرانوں کو فوجی امداد دینا شروع کی۔ جس کی وجہ سے اہم فیصلے اِن کی مرضی سے ہونے لگے۔ جب اودھ کے حالات خراب ہوئے تو انگریزوں نے والیِ اودھ واجد علی شاہ کو قید کرکے کلکتہ بھیج دیا اور خود اودھ پر قابض ہوگئے۔

سوال نمبر۴: مغلیہ سلطنت کے زوال کے اسباب بیان کریں۔

جواب: مغلیہ سلطنت کے زوال کے اسباب

آ تجھ کو بتا تا ہوں تقدیر امم کیا ہے
شمشیر و سناں اول طاؤس و رباب آخر

i- نادر شاہ کا حمہ:

نادر شاہ کے حملے کے بعد مغلیہ سلطنت کی بنیادیں ہل گئی اور مغلوں کی کمزوریاں کھل کر سامنے آگئیں۔

ii- صوبائی خود مختاری:

نادر شاہ کے حملے کے بعد بعض صوبوں کے گورنروں نے خود مختاری کا اعلان کردیا۔

iii- قانون وراثت کا نہ ہونا۔

مغلوں میں وراثت کا کوئی قانون نہ تھا۔ جس کی وجہ سے شہزادے تخت نشینی کے لیے لڑتے رہے، جس سے مغل حکومت کمزور ہوتی

Scanned with CamScanner

چلی گئی۔

iv۔ نالائق شہزادے۔

اورنگ زیب کے بعد جتنے بھی شہزادے تخت نشین ہوئے سبھی نالائق تھے۔ انہیں حکومت کرنے کا کوئی ڈھنگ نہ تھا۔

v۔ عیش وعشرت:

شہزادے عیش وعشرت میں مشغول تھے اور حکومت کی ساری زمہ داری وزیروں پر تھی۔

vi۔ مرہٹوں اور سکھوں کی طاقت میں اضافہ:

اورنگ زیب عالمگیر کی وفات کے بعد سکھوں اور مرہٹوں نے اپنی فوجی طقت میں بے پناہ اضافہ کرلیا تھا۔

vii۔ خراب حالات:

ہندوستان کے خراب حالات کی وجہ سے بیرونی حملہ آوروں نے حملے شروع کر دیئے اور ہندوستان کی اینٹ سے اینٹ بجا دی۔

ix۔ معاشی کمزوری:

معاشی طور پر ملک کے حالات خراب ہو چکے تھے۔ شہزادوں کی عیاشیوں کی وجہ سے خزانہ خالی ہو چکا تھا۔ جس کی وجہ سے فوج کی طرف کوئی دھیان نہ دیا جاتا تھا۔

x۔ معاشرتی اقتصادی حالات:

سماجی طور پر معاشرہ متحد نہ رہا۔ یہ لوگ سماجی طبقات میں تقسیم ہوئے۔ مذہبی جذبات زوال پذیر ہو چکے تھے۔ معاشرہ پر خودغرضی چھائی ہوئی تھی۔ مغل بھی ذاتی طور پر ہندوستانی نہ تھے۔ اس لیے ان سے نفرت کرتے تھے۔ اگر آج کے پاکستان کا اس دور کے حالات سے مقابلہ کریں تو نتائج برامد ہوں گے؟

سوال نمبر5: جنگ پلاسی کو تفصیلاً بیان کریں؟

جواب: جنگِ پلاسی

بنگال میں نواب سراج الدولہ کی حکومت تھی۔ لارڈ کلائیو برصغیر پاک و ہند میں انگریزی حکومت کے قیام کا بانی تھا۔ اس نے ہر جائز و ناجائز طریقے سے وسعت سلطنت کا طریقہ اپنایا۔ اس وقت نواب سراج الدولہ کا بھتیجا میر جعفر فوج کا سپہ سالار تھا۔ انگریزوں نے اس سے ساز باز کی اور اِسے بنگال کا حاکم بنانے کا جھانسہ دیا۔ 1757ء میں کلائیو فوج لے کر پلاسی کی طرف روانہ ہوا۔ جنگ شروع ہوتے ہی کلائیو کی افواج نے توپ خانے کا دہانہ کھول دیا۔ جس سے دیسی فوج تتر بتر ہوگئی۔ میر جعفر بھی انگریزوں سے مل گیا۔ ... کو شکست ہوئی۔ سراج الدولہ پٹنہ چلے گئے۔ جہاں میر جعفر کے ... میرن نے اِسے قتل کردیا۔

نتائج:

۱۔ بنگال پر انگریزوں کا قبضہ ہو گیا۔

۲۔ میر جعفر کو نواب آف بنگال بنادیا گیا۔ اس نے کئی ایک علاقے انگریزوں کو دیے اور بیش بہا تحائف بھی انگریزوں کو دیئے۔

۳۔ اِس شکست سے ہندوستانی مسلمانوں کے دِل ٹوٹ گئے۔

۴۔ انگریزوں کو اقتصادی فوائد حاصل ہوئے اور بنگال کا خزانہ خالی کر دیا گیا۔

۵۔ بنگال پر قبضے کے بعد انگریزوں نے فرانسیسیوں اور دوسری اقوام کو ہندوستان سے نکالنا شروع کر دیا۔

۶۔ فتح بنگال نے انگریزوں کو ثابت قدم بنایا اور اندرونی ہندوستان پر نظریں قائم کرلیں۔

۷۔ اِس جنگ سے مسلمانوں کی مشکلات میں اضافہ ہوا۔

۸۔ کمپنی کو تجارتی مال کی درآمد پر محصول معاف کر دیا گیا۔

باب نمبر۵

انگریزوں کا غلبہ

-1 خالی جگہ پُر کریں۔

(۱) احمد شاہ ابدالی نے ______ میں پانی پت کے میدان میں مرہٹوں کو شکست دی۔

(۲) بکسر کی لڑائی ______ میں لڑی گئی۔

(۳) حیدر علی کی وفات کے بعد ______ میسور کا حکمران بنا۔

(۴) ٹیپو سلطان ______ کے قلعے میں لڑتے ہوئے شہید ہو گئے۔

(۵) سید احمد شہید ______ کو رائے بریلی میں پیدا ہوئے۔

جوابات: (۱)۔1761ء۔(۲)۔1764ء۔(۳) ٹیپو سلطان۔(۴)۔ (۵)۔1786ء

-2 صحیح جواب تلاش کر کے لکھیں۔

(۱) سید احمد شہید (1919,1786, 1826) میں جہاد پر روانہ ہوئے۔

(۲) سید احمد شہید کے زمانے میں پنجاب میں (گرونانک، رنجیت

Info Hub HRMS SIS SED

Scanned with CamScanner

سنگھ، رام سنگھ) کی حکومت تھی۔

(۳) حاجی شریعت اللہ (تحریک جہاد، فرائضی تحریک، تحریک علی گڑھ) کے بانی تھے۔

(۴) مغلوں کے زوال کے بعد (سندھ، پنجاب، دکن) پر کلہوڑا خاندان کی حکومت تھی۔

(۵) سلطنت اودھ مغلیہ سلطنت کا (ضلع، تحصیل، صوبہ) تھا۔

(۶) 1847ء میں نواب واجد علی شاہ (بنگال، بہار، اودھ) کے نواب بنے۔

جوابات: (۱)۔ 1826ء۔ (۲)۔ رنجیت سنگھ۔ (۳)۔ فرائضی تحریک۔ (۴)۔ سندھ۔ (۵) صوبہ۔ (۶)۔ اودھ۔

4۔ کالم ملائیں۔

کالم الف	کالم ب	کالم ج
شاہ ولی اللہ	ٹیپو سلطان	قطب الدین ایبک
حاجی شریعت اللہ	کلہوڑا	فرید پور
واجد علی شاہ	فرید پور	اودھ کا نواب
سندھ	اودھ کا نواب	کلہوڑا
میسور	قطب الدین احمد	ٹیپو سلطان۔

سوال نمبر3: مختصر جواب دیں۔

سوال نمبر۱: سعادت علی کون تھا؟

جواب: سعادت علی خاں اودھ کے گورنر تھے اور بعد میں یہ اودھ کے نواب بن بیٹھے۔

سوال نمبر۲: انگریزوں نے اودھ کا الحاق کیسے برٹش انڈیا کے ساتھ کیا؟

جواب: نواب سعادت علی اور نواب واجد علی نے انگریزوں سے معاہدہ کیا تھا کہ وہ کسی بیرونی حملہ آور کے خلاف نواب اودھ کی حمایت کریں گے مگر 1846ء میں لارڈ ڈلہوزی نے ریاست میں بدنظمی کا بہانہ بنا کر اودھ کے الحاق کر دیا۔

سوال ۳: انگریز جنوبی ایشیاء میں کس حیثیت سے آئے؟

جواب: انگریز جنوبی ایشیاء میں بطور تاجر کے آئے۔

سوال نمبر۴: جنگ بکسر کس کس کے درمیان لڑی گئی؟

جواب: جنگ بکسر 1764ء میں ایسٹ انڈیا کمپنی اور بنگال کے نواب میر قاسم، اودھ کے نواب اور شاہ عالم ثانی کی مشترکہ فوج کے درمیان بہار کے علاقے بکسر میں دریائے گنگا کے کنارے لڑی گئی۔ اس جنگ میں انگریز کامیاب ہوئے۔

سوال نمبر۵: پانی پت کی تیسری لڑائی کب لڑی گئی۔ اس میں احمد شاہ ابدالی نے کس کو شکست دی؟

جواب: پانی پت کی تیسری لڑائی 1761ء میں لڑی گئی۔ احمد شاہ ابدالی نے مرہٹوں کو شکست دی۔

سوال نمبر۶: انگریزوں کو ملک سے نکالنے کے لیے ٹیپو سلطان نے کیا اقدامات کیے؟

جواب: ٹیپو سلطان نے انگریزوں کو ملک سے نکالنے کے لیے مندرجہ ذیل اقدامات کیے۔

i۔ میسور میں سماجی اور اقتصادی اصطلاحات نافذ کیں۔

ii۔ فوج کو جدید اسلحہ سے لیس کر کے تربیت دی۔

iii۔ فرانس اور ترکی سے تعلقات قائم کیے۔

سوال نمبر۷: فرائضی تحریک پر نوٹ لکھیں۔

جواب: فرائض تحریک:

فرائضی تحریک کا مقصد مسلمانوں کو غیر شرعی رسومات سے نجات دلانا اور انہیں اسلامی اصولوں پر کاربند کرنا تھا۔ فرائضی تحریک کے بانی حاجی شریعت اللہ تھے۔

سوال نمبر۸: کلہوڑا خاندان کا خاتمہ کس کے ہاتھوں ہوا؟

جواب: کلہوڑا خاندان کا خاتمہ میران تالپور نے کیا اور 1834ء میں سندھ پر انگریزوں کا قبضہ ہو گیا۔

سوال نمبر 5 مندرجہ ذیل سوالات کے مفصل جواب دیں۔

سوال نمبر۱: شاہ ولی اللہ نے کسطرح مسلم امراء کو مرہٹہ بغاوت کچلنے کے لیے تیار کیا؟

جواب: حضرت شاہ ولی اللہ نے جب دیکھا کہ ہندوستان میں مسلمانوں کی حکومت زوال پذیر ہے، اور مغل حکمران محمد شاہ رنگیلہ عیش و عشرت میں مشغول ہے تو آپ نے مناسب سمجھا کہ افغانستان کے حاکم احمد شاہ ابدالی کو ہندوستان پر حملے کی دعوت دی جائے لیکن احمد شاہ ابدالی نے چند مجبوریوں کی بنا پر یہ دعوت قبول نہ کی۔

شاہ ولی اللہ نے احمد شاہ ابدالی سے مایوس ہو کر حیدر آباد دکن کے یوسف زئی حاکم نواب نجیب الدولہ کو مجبور کیا کہ احمد شاہ ابدالی کو ہندوستان پر حملے کی دعوت دے۔ احمد شاہ ابدالی نے مجیب الدولہ کی بات

Info HUB HRMS STS SED

Scanned with CamScanner

مانی 1748ء سے اس نے ہندوستان پر حملے شروع کیے۔ ہندوستان پر پانچویں حملے کے دوران پانی پت کے مقام پر 1751ء میں مرہٹوں کو شکست دی اور مرہٹوں کی طاقت کو کچلا۔

سوال نمبر۲: حیدر علی کون تھا؟ اِن کی انگریزوں کے ساتھ جنگوں کا حال بیان کریں؟

جواب: حیدر علی:

حیدر علی پنجاب کا رہنے والا تھا۔ حصول معاش کے لیے میسور کے راجہ کی فوج میں بھرتی ہوا۔ اپنی خداداد صلاحیتوں کی وجہ سے میسور کی سلطنت کا سپہ سالار بنا۔ بعد میں تمام سلطنت کے اختیارات حیدر علی کو سونپ دیئے۔ جب راجہ نے حیدر علی کے خلاف بغاوت کی سازش کی تو حیدر علی نے راجا کو نظر بند کر کے ریاست کا انتظام خود سنبھال لیا اور سلطنت کو وسعت دی۔

حیدر علی نے میسور کا حاکم بنتے ہی یہ محسوس کیا کہ انگریزوں کی بڑھتی ہوئی طاقت ہندوستان کے لیے خطرہ ہے۔ اس نے انگریزوں کو ہندوستان سے نکالنے کے لیے اقدامات کیے۔ اگر مرہٹے اور نظام حیدر آباد انگریزوں کی بجائے حیدر علی کا ساتھ دیتے تو آج ہندوستان کی تاریخ کا نقشہ ہی کچھ اور ہوتا۔ لیکن انگریز چالاک قوم تھی۔ اس نے نظام حیدر آباد اور مرہٹوں کو اپنے ساتھ ملا لیا۔

میسور کی لڑائی 1768ء

مرہٹے، نظام حیدر آباد اور انگریز حیدر علی کی طاقت سے ڈرتے تھے۔ اُنہوں نے متحد ہو کر حیدر علی پر حملہ کر دیا۔ حیدر علی نے اپنی حکمت عملی سے مرہٹوں کو انگریزوں سے الگ کر لیا۔ نظام حیدر آباد میں حیدر علی سے مقابلے کی طاقت نہ تھی۔ اب انگریز اور حیدر علی آپس میں لڑے، نظام پھر حیدر علی کا ساتھ چھوڑ کر انگریزوں سے مل گیا۔

حیدر علی نے بہت جلد انگریزوں سے انتقام لیا، اور انگریزوں کو پے در پے شکست دیتا ہوا کرناٹک پر قبضہ کر لیا۔ اس کے بعد وہ مدراس کی طرف بڑھا اور اِس کے گورنر نے ڈر کر حیدر علی سے صلح کر لی۔

میسور کی دوسری لڑائی

1771ء میں مرہٹوں نے حیدر علی پر حملہ کر دیا۔ انگریزوں نے اِس کی مدد کی۔ اب حیدر علی نے ان سے انتقام لینے کا عزم کیا۔ حیدر علی اسی ہزار کا لشکر لے کر انگریزوں کے خلاف نکلا۔ حیدر علی نے بُری طرح انہیں شکست دی۔

اِن فتوحات سے حیدر علی نے تمام دکن پر قبضہ کر لیا۔ اب میسور ایک وسیع اور مضبوط ریاست بن گئی۔ 1782ء میں حیدر علی فوت ہو گیا اور اس کا بیٹا فتح علی (ٹیپو سلطان) ریاست کا حکمران بنا۔

سوال نمبر۳: ٹیپو سلطان پر تفصیلی نوٹ لکھیں۔

جواب: ٹیپو سلطان

ٹیپو سلطان ذہین، نڈر اور غیر معمولی صلاحیتوں کا مالک تھا۔ باپ کی طرح اسے بھی شدت سے یہ احساس تھا کہ انگریزوں کو ہندوستان سے نکالنا چاہیے۔ انگریزوں کو ملک سے نکالنے کے لیے مختلف اقدامات کیے۔

i- میسور میں سماجی اور اقتصادی اصلاحات نافذ کیں۔

ii- فوج کو جدید اسلحہ سے لیس کر کے تربیت دی۔

iii- فرانس اور ترکی سے تعلقات پیدا کر کے میسور کو خوشحال اور مضبوط ریاست بنایا۔

میسور کی تیسری لڑائی:

انگریزوں نے مرہٹوں اور نظام حیدر آباد کو ساتھ ملایا اور حیدر علی سے کیے گئے معاہدات کی خلاف ورزیاں کرنا شروع کر دیں چنانچہ 1790ء میں ٹیپو سلطان کے خلاف اعلان جنگ کر دیا۔ ٹیپو سلطان نے بڑی بہادری سے مقابلہ کیا۔ مگر کب تک؟ چنانچہ انگریزوں سے 1792ء میں سرنگا پٹم معاہدہ کی رو سے انگریزوں اور ٹیپو سلطان کے درمیان صلح ہو گئی۔

میسور کی چوتھی لڑائی (جنگ سرنگا پٹم 1799ء)

ٹیپو سلطان نے ایک بار پھر اپنی فوج کو منظم کیا۔ فوج میں فرانسیسیوں کو بھی بھرتی کیا اور انگریزوں کی طرف سے کچھ نئی شرائط ماننے سے انکار کر دیا۔ 1799ء میں انگریزوں نے مرہٹوں اور نظام کی فوج کے ساتھ مل کر حملہ کیا اور تین طرف سے میسور کو گھیرے میں لے لیا۔ سلطان کی فوجوں نے بڑی بہادری سے دشمن کا مقابلہ کیا۔ بدقسمتی سے ۴ مئی 1799ء میں ٹیپو سلطان سرنگا پٹم میں لڑتا ہوا شہید ہو گیا۔

سلطان فتح علی ٹیپو کی شہادت سے ہندوستان میں ایک اسلامی حکومت کا مضبوط قلعہ ٹوٹ گیا اور انگریزوں کو پورے ملک میں قدم جمانے کا موقع مل گیا۔

سوال نمبر۴: مسلم اصلاحی تحریکوں پر روشنی ڈالیں۔

Info HUD HRMS SIS SED
Scanned with CamScanner

تحریک جہاد

۱۔ اس تحریک کے بانی سید احمد شہید تھے۔ اس زمانے میں پنجاب میں سکھوں کی حکومت تھی، جو مسلمانوں پر بڑے ظلم کرتے تھے۔

سکھوں سے پہلا معرکہ:

سید احمد 1826ء میں جہاد پر روانہ ہوئے۔ اکوڑہ خٹک کے مقام پر سکھوں سے پہلا معرکہ ہوا۔ اس میں مجاہدین کامیاب رہے۔ اس کے بعد حضرو کے مقام پر بھی رنجیت سنگھ کو شکست ہوئی۔ سید احمد نے پشاور اور اس کے مضافاتی علاقوں میں اپنی حکومت کا اعلان کیا۔ مختلف وجوہات کی بناء پر پشاور کے بارکزی سرداروں سے سید احمد کا اختلاف ہوگیا۔ جس کی وجہ سے اُنہوں نے سکھوں کے ساتھ مل کر سید احمد کے خلاف سازش کی۔ سید احمد اِن سازشوں سے تنگ آکر کاغان کی طرف چلے گئے، جہاں بالاکوٹ کے مقام پر وہ اپنے قریبی ساتھی شاہ اسماعیل کے ہمراہ سکھوں سے لڑتے ہوئے 1831ء میں شہید ہوگئے۔

فرائضی تحریک:

اس تحریک کے بانی حاجی شریعت اللہ تھے۔ اس زمانے میں بنگال کے مسلمانوں کی سیاسی، سماجی اور مذہبی حالت بہت خراب تھی۔ انگریز مسلمانوں پر اعتماد نہ کرتے تھے۔ جس سے مسلمانوں کو اقتصادی اور تعلیمی لحاظ سے بہت نقصان پہنچا۔ ہندوؤں کے زیر مسلمان بہت سی بدعتوں کا شکار ہوگئے تھے۔ حاجی شریعت اللہ نے اپنی ساری زندگی مسلمانوں کی اصلاح میں گزاری۔ فرائضی تحریک نے مسلمانوں کو غیر شرعی رسومات سے نجات دِلا کر اسلامی اصولوں پر کاربند کرنا تھا۔

سوال نمبر۵: جنگ آزادی 1857ء کے اسباب اور اثرات تحریر کریں۔

جواب: جنگ آزادی کے اسباب، واقعات اور نتائج

برصغیر پاک و ہند میں انگریز تجارت کی غرض سے آئے تھے۔ یہاں کے حکمرانوں اور عوام کی حالت دیکھ کر انگریزوں نے پاک و ہند پر قبضہ کرنے کا منصوبہ بنایا اور وہ اس مقصد میں کامیاب رہے۔ جس کی وجہ سے انگریزوں اور مسلمانوں کے درمیان ایک فیصلہ کن جنگ شروع ہوئی، جسے جنگ آزادی کے نام سے جانا جاتا ہے۔ اس جنگ کی اہم وجوہات یہ تھیں:

(i) انگریزوں نے اقتدار مسلمانوں سے حاصل کیا تھا۔ اس لیے وہ مسلمانوں کو اپنا اصل دشمن سمجھتے تھے۔ اُنہوں نے مسلمانوں پر ترقی کے راستے بند کر دیئے۔ اس لیے مسلمانوں کے پاس انگریزوں سے لڑنے کے علاوہ کوئی دوسرا راستہ نہ تھا۔

(ii) ہندو پاک کے زمینداروں کو انگریزوں کی زرعی پالیسی پر سخت تشویش تھی اور وہ سخت قسم کے زرعی ٹیکسوں سے تنگ آچکے تھے۔

(iii) انگریزوں کی حکومت میں لوگوں کے لیے روزگار کے مواقع بہت کم ہوگئے۔ برطانیہ کی سستے مشینی مال کی وجہ سے ہندوستان کی صنعت کو بہت زیادہ نقصان پہنچا۔

(iv) انگریزوں نے ہندو پاک کے مذاہب اور سماجی اقدار میں بھی مداخلت شروع کی تھی۔

(v) انگریز افسر مقامی سپاہیوں سے نفرت آمیز اور ظالمانہ سلوک کیا کرتے تھے۔

(vi) عیسائی پادریوں نے مقامی لوگوں کو زبردستی عیسائی بنانا شروع کر دیا تھا۔

(viii) اس جنگ کی فوری وجہ یہ تھی کہ دیسی سپاہیوں کو جو کارتوس دیئے جاتے تھے، اِن میں سؤر اور گائے کی چربی استعمال کی جاتی تھی۔ یہ کارتوس بندوق میں استعمال سے پہلے منہ سے کھولنے پڑتے تھے۔ اس لیے دیسی فوجیوں نے ایسے کارتوسوں کے استعمال سے انکار کیا۔ جس کی وجہ سے اِن فوجیوں کو سخت سزائیں دی گئیں۔ انگریزوں کو اِن مظالم کی وجہ سے فوج میں بغاوت ہوئی۔ جس کی بُنیاد پر جنگِ آزادی کا آغاز ہوا۔

جنگ آزادی کے واقعات

جنگ آزادی کی ابتدا 1857ء کو بنگال سے ہوئی اور پھر یہ جنگ شمال کی جانب پھیلنے لگی۔ تاہم جنگ آزادی میں اہمیت میرٹھ کو ہی حاصل ہے۔ کئی فوجی افسران کو مارا گیا۔ فوج کے قید خانوں کو توڑ کر ساتھیوں کو رہا کیا گیا۔ عوام کی تائید کے ساتھ یہ فوجی دہلی چلے گئے۔ دہلی میں موجود افواج کی مدد سے چند گھنٹوں پر دہلی میں قبضہ کیا گیا۔ کئی غیر ملکیوں کو قتل کیا گیا اور سارے شہر پر قبضہ جمانے کے بعد بہادر شاہ ظفر کو تخت پر بٹھایا گیا۔ ملک کے دوسرے علاقوں میں بھی بغاوت شروع ہوئی۔ شمال مغربی سرحدی علاقوں، لکھنو، اودھ، وسطی ہند، مغربی بہار، کانپور، آگرہ، بریلی، جھانسی اور دیگر علاقوں میں جنگ شروع ہوئی۔ اِن علاقوں میں اہل یورپ کا قتل عام کیا گیا۔ عام سرکاری مقبوضات پر حملے کئے گئے۔ کانپور میں باغیوں کی قیادت نانا صاحب کے پاس تھی۔ وہاں تو ایسی گھمسان کی لڑائی ہوئی کہ چار افراد کے علاوہ سب انگریزوں اور اِن کے وفاداروں کو قتل کیا گیا۔ یہاں پر تو انگریز توپ خانے نے بھی ہتھیار ڈال دیئے۔

Scanned with CamScanner

باغیوں کی غیر منظم حالت کی وجہ سے انگریزوں نے کانپور پر دوبارہ قبضہ کیا جھانسی کی رانی لڑتی لڑتی ماری گئی۔ نانا صاحب کا کوئی پتہ نہیں چل سکا۔ بغاوت کو کچلنے کے لیے انگریزوں نے ہر طرف سے سپاہیوں کو جمع کرنا شروع کردیا۔ برطانوی فوج کے ایک لاکھ بیس ہزار سپاہی بلائے گئے جبکہ ہندو پاک میں تین لاکھ دس ہزار سپاہی بھرتی کیے گئے۔ اس جنگ میں پنجاب کے سکھوں نے حصہ نہیں لیا۔ حیدرآباد نے بھی اس جنگ میں حصہ نہیں لیا۔

جنگ آزادی کئی وجوہات پر ناکام ہوئی۔ اس جنگ کے دوران اور اس کے بعد بے شمار لوگ قتل ہوئے۔ انگریزوں نے جنگ کے بعد جنگ میں حصہ لینے والوں اور ان سے ہمدردی رکھنے والوں کو غیر انسانی طریقوں سے قتل کیا۔ ایک ایک انگریز مقتول کے بدلے سو سو ہندوستانی مارے گئے۔ باغیوں کے جھنڈے اٹھانے والے بچوں کو پھانسی دی گئی۔ الہ آباد میں چھ ہزار لوگوں کو قتل کیا گیا۔ زندہ مسلمانوں کو سور کی کھال میں بند کر کے دریا میں ڈالا گیا۔ مسلمانوں کے جسم پر سور کی چربی مل کر انہیں پھانسی دی گئی۔ ان کے منہ میں سئور کے گوشت اور ہندوؤں کے منہ میں گائے کے گوشت کے ٹکڑے ڈال کر قتل کیا گیا۔ مسلمانوں کی لاشوں کو جلایا گیا۔ نوشہروں میں باغیوں کو توپ کے دھانوں سے باندھ کر گولیوں سے اُڑایا گیا۔ انگریزوں کی اِن ظالمانہ کاروائیوں کا مقصد یہاں کی عوام کو ڈرانا تھا تاکہ وہ مستقبل میں بغاوت سے باز رہیں۔

جنگ آزادی کی ناکامی کی وجوہات

جنگ آزادی کی ناکامی کا ایک اہم سبب یہ تھا کہ یہ جنگ ملک کے اکثر علاقوں میں نہیں تھی۔ اہم علاقے اس جنگ کے شعلوں سے محفوظ رہے۔ سندھ، مرکزی و مشرقی بنگال، راجپوتانہ اور پنجاب اس جنگ سے الگ تھلگ رہے۔ پنجاب کے لوگوں نے انگریزوں سے مل کر لاہور میں باغی سپاہیوں سے بندوقیں چھینیں۔ جنگ آزادی میں جھانسی کی رانی، اودھ کے جاگیرداروں، فتح گڑھ کے دیوان اور دیگر کئی جاگیرداروں کے علاوہ کسی اور بڑے جاگیردار نے حصہ نہیں لیا۔ اِس جنگ کی ناکامی کا ایک اہم سبب تجربہ کار اور مرکزی قیادت کا فقدان تھا۔ اگرچہ یہ لوگ اخلاص کے ساتھ لڑ رہے تھے۔ لیکن ان کا جنگی تجربہ نہیں تھا۔ دیسی فوجیوں اور مقامی لوگوں کی نسبت انگریزوں کی فوج بہت طاقتور، منظم اور تجربہ کار اور تربیت یافتہ تھی۔ وہ جنگی حربوں اور چالوں سے بھی خوب واقف تھی۔ انہیں برطانیہ کی حکومت اور ایسٹ انڈیا کمپنی کی حمایت بھی حاصل تھی۔

ناکامی کی سب سے بڑی وجہ لالچ تھی۔

جنگ آزادی کے اثرات

جنگ آزادی نے پاک و ہند کے حالات پر بہت اہم اثرات چھوڑے۔ اُن میں سے چند یہ تھے:

(i) انگریز حکمرانوں کو یہ احساس ہوا کہ ملکی ریاستوں کے ساتھ رویے میں تبدیلی کی جائے۔ ان ریاستوں سے قریبی رابطہ پیدا کیا گیا۔ ریاستوں کے ساتھ زیادہ سے زیادہ تعلقات قائم کیے گئے۔

(ii) انگریزوں نے برصغیر پر مکمل قبضہ جمایا اور ہندوستان پر انگریزوں کی براہ راست حکمرانی شروع ہوئی۔ سیکریٹری آف اسٹیٹ اور انڈیا کونسل کا قیام عمل میں لایا گیا۔ ایسٹ انڈیا کمپنی کی جدا فوج کو ختم کر کے تاج برطانیہ کی فوج قائم کی گئی۔

(iii) انگریز جنگ آزادی کے اصل ذمہ دار مسلمانوں کو ہی سمجھ رہے تھے۔ ہندوؤں کو نوازا گیا جبکہ مسلمانوں کو شدید قسم کی مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ اِن پر ہر قسم کے ظلم وستم کیے گئے۔ مسلمانوں کے اہم قائدین کو پھانسی دی گئی اور اکثر کو جلاوطن کیا گیا۔ مسلمانون کی جائیدادیں ضبط کی گئیں۔ مسلمانوں کا جینا حرام کیا گیا۔

(iv) ہندو مسلم اتحاد کو شدید نقصان پہنچایا گیا۔ دونوں اقوام کے درمیان غلط فہمیاں پیدا کی گئیں۔ ہندوؤں کے ساتھ نرمی کا مظاہرہ کیا گیا جبکہ مسلمانوں کو غیض وغضب کا نشانہ بنایا گیا۔ مصنوعی طریقے سے ایسے حالات پیدا کیے گئے تاکہ دونوں اقوام کے درمیان نفرت پیدا ہو۔ پنجاب کے سکھوں نے جنگ سے کنارہ کشی اختیار کی۔ اِس طرح ہندوؤں، مسلمانوں اور سکھوں کے درمیان نفرت پیدا ہوئی۔ اس کا فائدہ انگریز کو ہوا اور انگریزوں کی پالیسی لڑاؤ اور حکومت کرو کو دوام حاصل ہوا۔

(v) جنگ آزادی نے انگریز حکمرانوں کو پُرتشدد بنایا۔ عوام کے لیے اِن کے رویوں میں نفرت اور سختی آئی۔ انہوں نے ظالمانہ انداز میں حکمرانی شروع کی۔ ہند کے عوام کے ساتھ خالصتاً غلامانہ سلوک کیا گیا۔ انگریز فوجیوں نے اِن دیسی فوجیوں سے بھی نفرت شروع کی۔ جنھوں نے جنگ آزادی میں انگریزوں کا ساتھ دیا۔

(vi) جنگ سے پہلے مسلمانوں نے احیاء علوم کے لیے جو تحریک شروع کی تھی، اِسے ناقابلِ تلافی نقصان پہنچایا۔

☆☆☆☆

Info Hub HRMS SIS SED
Scanned with CamScanner

HISTORY

Chapter 1

THE FOUNDATION OF THE MUGHAL EMPIRE

PART "A"

OBJECTIVE PORTION

EXERCISES

1. Fill in the blanks.

(i) The Name of Babuls father was ***Umer Sheikh Mirza.***

(ii) Ibrahim Lodhi was defeated by ***Babur*** in Panipat.

(iii) Babur ruled India for ***four*** years

(iv) Humayun was defeated by Sher Khan in Chaunsa and ***Qanoj.***

(v) After the death of Sher Shah Suri his son ***Islam Shah*** ascended to the throne.

2. Choose the correct answers.

(i) Babur died in__________.

(a) 1526 (b) 1530

(c) 1555

(ii) The real name of Sher Shah Suri was__________

(a) Farid Khan (b) Jameel Khan

(c) Aslam Khan

(iii) The Battle of Kunwaha was fought in __________.

(a) 1527 b 1555

(c) 1556

(iv) Humayun died in_____

(a) 1554 (b) 1555

(c) 1556

(v) Rana Sangha was the ruler of _____

(a) Kalinjer (b) Mewar

(c) Deccan

Ans. (i) (b) (ii) (a) (iii) (a) (iv) (b) (v) (b)

Q.3. Write brief answer to the following questions.

Q(i) From which area Babur basically belonged to?

Ans. Babur basically belonged to Farghana.

(ii) Who invited Babur to attack India?

Ans. Daulat Khan Lodhi the ruler of Punjab invited Babar to attack India.

(iii) Who dethroned Humayun and where did Humayun go?

Ans. Sher shah Suri defeated Humayun and Humayun went to Iran.

(iv) Describe the Economic Reforms of Sher Shah Suri?

Ans. He measured all cultivable land and fixed one-fourth of the total production as tax or land revenue.

(v) In which places Sher Shah Suri was victorious?

Ans. (a) Sher Shah Suri defeated Humayun at Chaunsa and Qanooj.

(b) He conquered Malvoa, Sindh, Marwr and Mewar.

(c) He defeated the ruler of Kalinger.

4. Answer the following questions in detail.

(i) Due to which factors did Babur succeed in his conquest of India?

Ans. 1. India had attraction for Babar due to economical reasons. There was abundance of wealth.

2. From military point of view India could not compete with the Mughals because the Indian army was not trained and was not disciplined.

3. Babar's army was well-disciplined, trained, united and well-equipped.

(ii) Sher Shah Suri was a good ruler. Explain?

Ans. Sher Shah Suri proved to be a good ruler because of the following qualities.

1. He was well-educated. He knew Arabic and Persian.

2. He knew the weakness of the Mughals.

Info Hub HRMS SIS SED

Scanned with CamScanner

3. During the service of Babar he came to know the rules of ruling a country.

4. He was very intelligent and prudent.

(iii) **Which problems were faced by Humayun and how did he get success?**

Ans. Problems faced by Hymayun:

Although Babu had established his hold on Northern India but the rulers there still made troubles for the king. Bahadur Shah occupied Gujrat. Humayun tried to fight against them but due to the treachery of Sher Shah Sun in Bihar Humayun handed over Gujrat to Askari and set out towards East. Bahadur Shah availing the opportunity re-conquered Gujrat. Humayun was defeated by Sher Khan in the battles of Chaupsa in 1539 and Qanauj in 1540). During Humayun) that time Humayun was compelled to take refuge in Iran. But the decline of Suri Empire encouraged Humayun to set out towards India for invasion. Sikandar Suri tried to stop Humayun but was defeated in 1555 at Serhind. Humayun re-occupied the throne in Dehli for the 2nd time after his 15 years exiled life. He ruled India just for a few months. He slipped from the stairs of his library and died in 1556. In Humayun's reign Persian language and literature flourished to a great extent.

Chapter 2

CONSOLIDATION OF THE MUGHAL EMPIRE

PART "A"

OBJECTIVE PORTION

EXERCISES

1. **Mark true (✓) and false (x).**

(i) Akbar was born in Amarkot in 1542. True/False

(ii) The real name of Noor Jehan was Zaib-u-Nisa. True/False

(iii) Noor Jehan invented *Ittar-e-Gulab* (Rose Essence). True/False

(iv) Taj Mahal was built in the memory of Mumtaz Mahal. True/False

(v) Aurnagez died at the age of 90. True/False

Ans. (i) True (ii) False (iii) True
(iv) True (v) True

2. **Choose the correct answers.**

(i) At which place was Abkar ascended to the throne?
(a) Agra (b) Kalanur
(c) Amarkot

(ii) Who was defeated by Akbar in/the 2nd Battle of Panipat?
(a) Maan Singh
(b) Himu (c) Bairam Khan

(iii) When was Noor-ud-Din Jehangir born?
(a) In 1559 (b) In 15569
(c) In 1 579

(iv) Which king hung the "chain of justice" outside his palace?
(a) Akbar (b) Jehangir
(c) Shah Jehan

(v) Which king's reign is called the Golden Era of the Mughal empire?
(a) Jehangir (b) Shah Jehan
(c) Aurangzeb

Ans. (i) (b) (ii) (b) (iii) (b) (iv) (b) (v) (b)

3. **Match the Columns.**

Column A	Column B	Column C
Bairam Khan	Noor Jehan	*Ataleeq* (tutor)
Shahdara	1666	Jehangir
Mehr-u-Ni Nisah	Aurangzeb	Noor Jehan
Shah Jahan	Jehangir	1666
1707	*Ataleeq* (tutor)	Aurangzeb

Q4. Answer the following questions briefly.

(i) Write a note on Din-i-Ilahi.

Info Hub HRMS STS SED

Scanned with CamScanner

Ans. In 1585, with the help of Abul Fazal and Faizi, Akbar introduced a new religion named Din-i-Elahi. This religion was a combination of the customs and faiths of the Muslims, Christians, Sikhs, Hindus and Fire Worshippers. It's fundamental principle was that God is One and Akbar is the caliph of God on earth.

(ii) What was the policy of Abkar against the Rajputs?

Ans. In India Hindus and Rajputs were in majority. Akbar wished to establish friendly relationship with Rajputs. He got married in Rajput families and appointed Rajputs in his government. Akbar also extended the hand of friendship and peace towards Rajputs. He also stopped taxes from Rajputs.

(iii) Who was Noor Jehan?

